پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو ۔ کنیڈا
قیمت ۵۰ سینٹ
بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار
۲۰ محرم الحرام ۱۴۰۹ھ
۱۹۸۸ء
جلد نمبر ۱۳
شمارہ نمبر ۱۵

بھارت کی دس ڈویژن فوج کشمیر کی سرحدوں پر تیار کھڑی ہے

جدید ترین اسلحہ سے لیس یہ بھارتی فوج آزاد کشمیر پر حملہ کرنے کا حکم ملنے کی منتظر ہے

پیپلز پارٹی کی قائم مقام چیئرپرسن بے نظیر بھٹو کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں ۔ بائیں جانب جام صادق علی بیٹھے ہیں

سابق صدر آزاد کشمیر سردار قیوم کا انکشاف

ہماری حکومت اس صورت حال سے بے پرواہ ہے

دفاعی کونسلیں قائم کی جائیں اور بلا تاخیر انتخابات کرائے جائیں

پیپلز پارٹی پنجاب نے بے نظیر کی ہدایت نظر انداز کر دی

انتخابات میں ہر صورت حصہ لیا جائے گا

بیگم بھٹو پاکستان جائیں گی

تو انہیں نظر بند کر دیا جائیگا : بے نظیر

جماعت اسلامی بحالی جمہوریت کی انتھک جدوجہد میں مصروف رہیگی

انصاری کمیشن کے تحت انتخابات طے شدہ مسائل کو پھر تنازعات میں بدل دیں گے

انتخابات میں ہر صورت حصہ لیا جائے گا : اصغر خان

پاکستان کی نئی حکومت ۲۳ مارچ کو معرض وجود میں آ جائے گی !

قومی اسمبلی کے انتخابات ۔ ۲۰ فروری کو صوبائی اسمبلیوں کے اس سے آٹھ روز بعد ہونگے

"میں اس وقت سیاست میں ہوں" (صدر ضیاء الحق)

پاکستان برطانیہ سے تین جنگی جہاز خریدے گا

ان جہازوں کو میزائلوں سے لیس کیا جائیگا

کیا ۱۸ کروڑ مسلمانوں کو بھارت سے نکالنے کی سازش کی جارہی ہے؟

آج بھارت کا ہر شہر فرقہ وارانہ منافرت کے آتش فشاں پر رکھا ہوا ہے

[illegible]

بھارتی توپ خانے کی طرف سے کھوئی رٹہ پر فائرنگ

ایک خاتون ہلاک ہوگئی کئی مکانات تباہ، بلس افراد بے گھر ہو گئے

[illegible]

Hold your breath and read this.

اگر آپ کے مکان کی چمنی میں کوئی خرابی ہے تو آپ کا مکان اس وقت ایسے ہی محسوس کرتا ہوگا جیسے کہ آپ دم بخود ہوکر اس وقت محسوس کر رہے ہیں!

کیونکہ گھر کو گرمی پہنچانے کا نظام بھی آکسیجن لیتا ہے اور کاربن ڈائی آکسائیڈ چھوڑتا ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے کہ آپ کرتے ہیں۔

لیکن جب آپ کے گھر کی حرارت کا نظام چلانے والی مشینیں (FURNACE) کو حسب ضرورت آکسیجن نہیں ملتی یا اس سے کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج نہیں ہو پاتی تو آپ کا گھر بھی سانس نہیں لے سکتا۔ اس طرح کاربن مونو آکسائیڈ پیدا ہو سکتی ہے جو کہ آپ کے خاندان کے لیے خطرناک صورت حال ہوگی۔

آپ کی FURNACE کے خاطر خواہ کام کرنے کے لیے چمنی کا صاف ستھرا ہونا ضروری ہے۔ ذیل میں چند ایسی علامتیں دی جاتی ہیں جن سے چمنی کی خرابی کا پتہ چلتا ہے:

- سمنٹ اور اینٹوں کا ڈھیلا پڑ جانا
- چھت پر چمنی کے آس پاس سفید پاؤڈر اور پانی کے دھبوں کی موجودگی
- چمنی کے بیرونی دروازے پر پانی کے دھبے

ہو سکتا ہے کہ آپ کو چمنی کے LINER کی ضرورت ہو تا کہ آپ اس کی بیرونی سطح کا تحفظ کر سکیں۔

اپنی حفاظت اور اپنے ذہنی سکون کے لیے ہر سال کسی ماہر فن سے اپنے گھر کو گرم رکھنے والے نظام کی جانچ اور اپنی چمنی کی صفائی کروا لیجیے۔ اس طرح آپ اور آپ کا مکان دونوں اطمینان کا سانس لے سکیں گے۔

اپنی سانس روک کر اسے پڑھیئے۔

Ministry of Consumer and Commercial Relations

Ontario

Robert Elgie M.D., Minister
William Davis, Premier

پندرہ روزہ

السلام

ٹورانٹو کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

ہمارا اسلام

غیر مسلم کہتے ہیں کہ اسلام تلوار کے زور پر پھیلا۔ چنانچہ ان کے مبلغین جب ایک مسلمان کی تصویر کشی کرتے ہیں تو اسے خونخوار، جنگجو اور متعصب کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ اگر آپ مسلمانوں کے بارے میں یہاں مغرب کے جریدوں کی خبریں، تبصرے اور کارٹون ملاحظہ کریں تو یہ بات آسانی سے سمجھ میں آ جائے گی کہ یہاں پیدا ہونے والے بچے اکثر کیوں اپنی اسلام سے وابستگی کو چھپانے کی کوشش کرتے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ اگر اسلام تلوار کے زور پر ہی پھیلا تو یہاں شمالی امریکہ میں دوسرے مذاہب کے مقابلے میں اسلام کے زیادہ سرعت کے ساتھ پھیل جانے کا کیا جواز ہے جبکہ یہاں ہمارے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔ انڈونیشیا کو لیجیے جو آج مسلمانوں کا سب سے بڑا ملک ہے وہاں کس مسلمان فوج نے یلغار کی تھی؟ تاریخ کا بغور مطالعہ کیا جائے تو واضح ہوگا کہ خود ہندوستان میں اسلام پھیلانے میں سب سے بڑا حصہ ان مسلمان تاجروں کا ہے جو شمال مغربی علاقوں سے گھوڑوں کی تجارت کے سلسلے میں برما تک کے دور دراز علاقوں میں جایا کرتے تھے۔ راستے میں جن سے بھی ان کا سابقہ پڑتا وہ انھیں اپنے ایمان اور اسلامی کردار کی بنا پر اتنا متاثر کرتے کہ لوگ مسلمان ہو جاتے۔ دوسری وجہ ہندوستان میں اسلام کے پھیلنے کی وہ اولیائے کرام ہیں جو اپنے شیوخ کے حکم سے ہندوستان وارد ہوتے اور جن کے علم و عمل کی بنا پر ہزاروں لاکھوں افراد ان کے ہاتھوں مسلمان ہو گئے۔

آج ہم بھی غیر اسلامی ملکوں میں پناہ گزین ہیں۔ اگرچہ ان دور دراز علاقوں میں ہماری ہجرت اللہ کی خوشنودی کے لیے نہیں بلکہ اپنی ذاتی آسائش اور مالی منفعت کے لیے ہے۔ پھر بھی کوئی وجہ نہیں کہ ہم نیتوں کو درست نہ کیا جا سکے۔ آج اگر ہم خلوص دل کے ساتھ یہ عہد کر لیں کہ تحریک اسلام کی حقیقی نمائندگی ہمارا اولین مقصد حیات ہوگی تو ہماری یہ ہجرت خدا اور رسول کریم کی خوشنودی کا باعث ہو سکتی ہے۔

فی زمانہ یہ کام آسان نہیں ہے۔ ہمارے نااہل بادشاہوں، جرنیلوں اور مشیروں نے ہمیں کہیں کا نہیں رکھا۔ ہمارے کمزور اور مریض معاشرے نے ہماری ہمتیں پست کر دی ہیں۔ مگر ایسے آزمائشی دور پہلے بھی آ چکے ہیں۔ تیرھویں صدی میں تاتاری ترکستان، ایران اور عراق کو زیر و زبر کرتے ہوئے بغداد تمام اسلامی ممالک پر چھا گئے۔ انسانی سروں اور لاشوں کے مینار کھڑے کر دیے۔ تہذیب و تمدن کا چراغ گل کر دیا۔ اس وقت بھی مسلمانوں نے سب کچھ کھو دیا تھا۔ مگر خدا پر اعتقاد نہیں کھویا۔ ایمان و عقیدہ نہیں کھویا۔ روحانی طاقت نہیں کھوئی۔ شکست کھائی ہوئی کمزور اور مریض معاشرے نے "اسلام" اپنی جگہ پر تھا۔ نصف صدی تک تاتاری فاتح اسلام قبول کر چکے تھے۔ یعنی پانسہ پلٹ گیا۔ جنھوں نے اسلام پر تلوار کشی کی وہی مسلمان ہو گئے!

اسلام آج بھی زندہ و پائندہ ہے۔ مگر کیا مسلمان صحیح معنوں میں مسلم ہیں؟

اللہ تعالیٰ نے امت محمدی کو بہت بڑا مقام دیا ہے۔ ارشاد فرماتا ہے:

> "پیروی کرو اس دین کی جو تمہارے اپنے باپ ابراہیم کا دین ہے۔
> آپ نے پہلے ہی سے تمہیں مسلم کے نام سے نوازا تھا۔ اور اسی سلسلے
> میں رسول نے تمہارے لیے دین حق کی شہادت دی۔ اور تم دنیا
> کے سارے انسانوں کے سامنے دین حق کی شہادت دو۔"
>
> (الحج۔ ۷۸)

یعنی اللہ کے آخری نبی ہمارے شاہد ہیں اور تاقیامت ان کی امت ساری انسانوں کے سامنے دین حق کی شہادت دینے والی ہے۔ یہ ہے مسلمانوں کا مقام۔ کیا ہم اس کے اہل ہیں؟ کیا ہم اپنے قول و عمل میں اپنے رسول کی پیروی کرتے ہیں؟ اپنے دین میں مضبوط ہیں؟ سچے ہیں؟ قابل اعتماد ہیں؟ وعدے کا پاس کرتے ہیں؟ امانت دار ہیں؟ حق ہمسائیگی کا احساس رکھتے ہیں؟ اچھائی کی تلقین کرتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں؟ ظاہری اور باطنی صفائی کا خیال رکھتے ہیں؟ ہمارے رسول جدھر راستوں سے گزرتے انہیں معطر کرتے جاتے۔ اور ہم ہیں کہ جن سے یہاں والوں کو شکایت ہے کہ ہمارے کپڑوں سے گھناؤنی بو آتی ہے!

اس معاشرے میں مستقل طور پر رہنے کے لیے ہمارے پاس صرف دو راستے ہیں۔ اسوۂ حسنہ کو پہچان کر اس پر عمل پیرا ہوں کہ دنیا ہماری طرف خود بخود کھنچی چلی آئے۔ ورنہ اپنا حشر ان مہاجرین کی زندگیوں میں دیکھ لیں جو پچھلی صدی کے آخر میں جمیکا، ٹرینیڈاڈ اور گیانا وغیرہ میں لائے گئے، جن کی اولادیں ہماری طرح یہاں آ چکی ہیں، جن میں سے اکثر کے آخری نام محمد علی، دین اور حسین وغیرہ ہیں جبکہ پہلے نام جان، بل، ڈیوڈ یا ٹونی ہیں اور جو ہر اتوار کو صاف ستھرے کپڑے پہن کر چرچ جاتے ہوئے نظر آتے ہیں!

جن سے نکاح نہیں ہو سکتا

القرآن

تم پر حرام کی گئیں تمہاری مائیں، بیٹیاں، بہنیں، پھوپھیاں، خالائیں، بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہو اور تمہاری دودھ شریک بہنیں اور تمہاری بیویوں کی مائیں اور تمہاری بیویوں کی لڑکیاں جنہوں نے تمہاری گودوں میں پرورش پائی ہے۔

(النساء۔ آیت ۲۳)

رسول اللہ کی فقر پسندی

السنۃ

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے تھے کہ "اے اللہ مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ اور مسکینی کی حالت میں دنیا سے اٹھا، اور مسکینوں کے گروہ میں میرا حشر فرما۔"

(جامع ترمذی)

وزیر حضرات کی کند ذہنی کے سبب کا پتہ لگ گیا

زیر و زبر

ابو منثر

صحت اور طبی تحقیق کے انسٹیٹیوٹ کے سربراہ شفیق حکیم محمد سعید صاحب نے ہمارے وزراء حضرات کو یہ صحت بخش مشورہ دیا ہے کہ:

"مجھے اور ذہین بننے کے لئے کم کھائیے اور نان سینس کے مباحث کیجئے کم پیٹ بھرے بیٹھئے"

حکیم صاحب ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن کے سربراہ بھی ہیں، لہٰذا ان کا یہ مشورہ حکمت ہی پر نہیں ہمدردی پر بھی مبنی ہے۔ چنانچہ انھوں نے قومی صحت کا یہ مرض اور اس کا علاج پہچان کر جو تشخیص کی ہے اور جو نسخہ تجویز کیا ہے ہمارا فرض ہے کہ قومی صحت کی خاطر ہم اس پر پہلے وزراء سے عمل کروائیں تاکہ وہ بھی حکیم صاحب کی مانند چاق و چوبند اور صحت مند رہیں اور قوم بھی وزراء سے بچ بچا کر ذہنی غذا کے طفیل تندرست و توانا اور ذہین و دانا ہو جائے۔ کہتے ہیں کہ دانے دانے پر مہر ہوتی ہے۔ مگر ہمیں امید ہے کہ حکیم صاحب کے اس مشورے کے بعد وزراء کے کھانے کے دانے دانے پر مہر لگا دی جائے گی، بلکہ انہیں سربمہر کر دیا جائے گا۔ (دیکھئے گا)

سے باضمہ خراب ہوتا ہے اور اگر وزراء کا ہاضمہ خراب ہو جائے تو قوم کا ہاضمہ بھی درست نہیں رہتا۔ حکیم صاحب نے اپنے خط میں یہ بھی تحریر فرمایا ہے کہ "زیادہ کھانے والا انسان ذہنی اور کند ذہن ہو جاتا ہے۔"

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہاضمے کی خرابی کا اثر ذہن پر بھی پڑتا ہے۔ اور آج کل قوم جس ذہنی بدہضمی کا شکار ہے وہ اہل حکمت سے پوشیدہ نہیں اور جہاں تک ہم صحافیوں کا تعلق ہے تو خبریں ہضم کرتے کرتے ہمارا ہاضمہ بھی جواب دے چکا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ جب اخبار چھپ کر جاتا ہے تو قارئین بھی جسمانی صحت سے زیادہ ہماری ذہنی صحت پر ترس کھاتے ہیں۔

[illegible]

زندہ تحریریں

ابوالکلام آزادؒ

ترقی۔۔۔!

لیکن دنیا کی ترقی کے ساتھ قانون فطرت نے بھی ترقی کی ہے اور اس ترقی کی حرکت نہایت عجیب و غریب ہے۔ دنیا کی ہر چیز ترقی کرتی ہے تو بڑھتی ہے، ابھرتی ہے، پھیلتی ہے، لیکن قوانین فطرت کی نشو و نما بالکل اس کے برعکس ہوتی۔ انہوں نے ترقی کی تو سکڑنا شروع کیا۔ اور سمٹ کر انسان کے گرد جمع ہو گئے۔ وہ پہلے خاک کے ذرات میں ملے ہوئے تھے، ہوا کے اجزا میں بکھرے ہوئے تھے، پانی کی موجوں کے ساتھ تیرتے پھرتے تھے۔ جب کوئی قوم تمام دل کی عداوت و سرکشی کرتی تھی، تو خاک کے ذرے، ہوا کے جھونکے اور دریا کی لہروں کے اندر ہیجان پیدا ہوتا تھا۔ اور وہ زمین کی زلزلہ انگیز حرکت، ہوا کی سخت تیز تندی اور سمندر کی طوفانی لہروں کی صورت میں نمودار ہو کر ہیں تو لیتے تھے، بہا کر ساحل تک پہنچا دیتے تھے۔ لیکن اب انھوں نے انسان ہی کے دل و دماغ کو اپنا نشیمن بنایا کہ وہ تمام مظاہر فطرت کا مجموعہ تھا۔ اب ان تمام ذمہ داریوں اور ان تمام فرائض کا بوجھ صرف انسان ہی کے سر آگیا، جس کو آسمان اور زمین نے گھبرا کر اپنے کندھے سے پھینک دیا تھا۔

"ہم نے اپنی امانت کو آسمان، زمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کیا، لیکن سب نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا! اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے آگے بڑھ کر اس بوجھ کو اٹھا لیا۔ بلاشبہ ایسا کر کے اس نے اپنے اوپر ظلم کیا اور بڑی نادانستگی کی۔" (۳۳: ۷۲)

انبیاء کرام کا ظہور اسی ترقی کی مکمل صورت تھی۔ لیکن تمام آغاز فطرت سے خدائی قوتوں نے ... [illegible]

(ابوالکلام آزاد ... مضامین)

Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

رات میں نے بڑا ڈراؤنا خواب دیکھا

بچے کیوں ڈرتے ہیں

تحریر:- ملکہ افروز روہیلہ

بچے کبھی خوف کا شکار نہیں ہوتے مثلاً جن چھوٹے بچوں کو والدین اپنے ساتھ غسل کراتے ہیں وہ بچے پانی سے کبھی خوف نہیں کھاتے بلکہ جھیل دریا سمندر سے بھی نہیں ڈرتے اور جھیل کی چھوٹی لہروں سے لطف اٹھاتے ہیں اسی طرح جو والدین اپنے بچوں کو مختلف پالتو جانوروں سے متعلق بتاتے رہتے ہیں ان سے مانوس کراتے رہتے ہیں۔ وہ بچے کبھی بے جا خوف کا شکار نہیں ہوتے گویا یہ بھی والدین کا ہی فرض ہے کہ وہ بچوں کو ان کے خوف سے بچائے رکھیں۔ بعض بچے ڈراؤنے خوابوں سے بھی خوفزدہ رہتے ہیں۔ لیکن اگر والدین ان کے خواب توجہ و سکون سے سنیں اور اچھی اچھی باتوں سے ڈراؤنے خوابوں کے اثر کو زائل کرنے کی کوشش کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ بچے خوف کا شکار رہیں۔

افسانہ

کھو گیا

تحریر:- بیگم آصف تانی

> دادا دور سے ہی
> اُلٹا سانس لیکر
> اندازہ لگا لیتے کہ آج
> کوفتوں کی ہنڈیا پکی ہے
> یا کباب تلے جا رہے ہیں

طلسمی بال

New Store in
SCARBOROUGH
3258 Lawrance Ave. East
(One block East of McCowan)

تازہ حلال گوشت۔ تازہ حلال مرغیاں
ہر قسم کی اعلیٰ گروسری۔ تازہ سبزیاں

SPICE TOWN
2210 Dundas Street West
(Near Jami Mosque)
Phone: (416) 532-8267

ادب و ثقافت

ادبی خبریں

نیاز فتح پوری

یہ سال نیاز فتح پوری کے صد سالہ جشنِ ولادت کا سال ہے۔ مزار فتح پوری نے اس نسبت سے نیاز کا صد سالہ جشنِ ولادت منانے کے لئے ایک تقریب کا اہتمام کیا اور اسے نیاز کے شایانِ شان بنانے کے لئے بھارت سے ڈاکٹر خلیق انجم، پروفیسر رشید حسن خان، ڈاکٹر عبدالحق کو بلوایا۔ لاہور سے ممتاز دانشور، ادیب، نقاد [illegible] ... اسلام آباد سے ڈاکٹر وحید قریشی، بیگم ثاقبہ رحیم الدین اور کرنل غلام سرور کو بلوایا گیا۔ [illegible] ... اس تقریب میں کراچی کے ہر طبقۂ خیال کے ادیب موجود تھے۔ [illegible]

[illegible]

"آخرِ شب کے ہم سفر" روسی زبان میں

قرۃ العین حیدر کے ناول "آخرِ شب کے ہم سفر" کا ترجمہ روسی زبان میں شائع ہو گیا ہے۔ یہ ترجمہ روسی زبان کے دو ناول نگاروں نے کیا ہے جب کہ ایک مشہور مؤرخ نے اس کا مقدمہ تحریر کیا ہے۔ مقدمہ نگار نے قرۃ العین حیدر کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ ہندوستان کی اردو کی بہت مقبول اور نمایاں ادیبہ اور صاحبِ طرز ترقی پسند اور حقیقت پسند ہیں۔ ناول کے بارے میں مقدمہ نگار نے رائے دی ہے کہ یہ ناول بہت دلچسپ ہے اور اس میں ہندوستان کی تحریکِ آزادی کو بڑے دلچسپ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

بھارتی کتابوں کے پاکستانی ایڈیشن

گزشتہ کچھ عرصے میں بھارت میں شائع ہونے والی [illegible]

صادق الخیری کے افسانوں کا انتخاب

[illegible]

[illegible]

"پہچان" کے لئے "شناسائی"

[illegible]

ارمغانِ مجنوں شائع ہو گئی

[illegible]

طنز و مزاح

مجھے کہاں

شفیق الرحمٰن

[illegible]

عظیم الشان مشاعرہ

انجمن اردو کینیڈا کے زیرِ اہتمام

انجمن اردو کینیڈا کا سالانہ مشاعرہ ۳ نومبر ۱۹۸۴ء کو ٹورانٹو یونیورسٹی میں منعقد ہو رہا ہے جس میں پروین شاکر، کلیم عاجز، شمس الرحمٰن فاروقی اور سہیل اشاعی کے علاوہ شمالی امریکہ کے مشہور شعراء تشریف لا رہے ہیں۔

اسی دن زبانِ اردو کی تعلیم و تدریس کے موضوع پر کانفرنس ہو رہی ہے جس میں شرکت کے لیے ڈاکٹر کار لوکیو لا اور فرانسس پرچٹ تشریف لا رہے ہیں۔ کانفرنس کا وقت صبح ۹ تا ۱ بجے۔

غزل

عرفانہ عزیز (وینکوور)

ہر چند نقش پا تھے ہر اک رہگزر کے ساتھ
گم گشتہ منزلیں تھیں غبارِ سفر کے ساتھ

گزری شبِ فراق تو نمناک آنکھ میں
کچھ آئینے بھی چور تھے خوابِ سحر کے ساتھ

اب تو وہ زخمِ دل کا طلبگار بھی نہیں
کیا حادثہ ہوا ہے مرے چارہ گر کے ساتھ

اُبھرا اُفق پہ چاند تو محسوس یوں ہوا
دامن ترا اُلجھا ہے مری چشمِ تر کے ساتھ

تجھ سے وہ ربطِ شوق نہیں نا سہی مگر
رشتہ ہے استوار نگارِ ہنر کے ساتھ

سُنی اور شیعہ دشمنانِ اسلام کی سازشوں سے خبردار رہیں: رفسنجانی
شمیور کا مجموعی کوشش سے ... ناکام بنا دے

تہران — ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر حجۃ الاسلام ہاشمی رفسنجانی نے بھارت اور پاکستان میں شیعہ سنی مسلمانوں کے درمیان حالیہ فسادات پر تبصرہ کرتے ہوئے دونوں فرقوں پر زور دیا ہے کہ وہ دشمنانِ اسلام کی سازشوں سے خبردار رہیں۔ انہوں نے کہا اور اسلام کی ... دشمنوں کی ... کو ناکام بنا دیں۔

پیار علی الانہ لندن آئیں گے

کراچی — سندھ حکومت نے پیار علی الانہ کو بیرون ملک جانے کی اجازت دے دی ہے۔ وہ عنقریب لندن روانہ ہو جائیں گے۔

نصر اللہ سے ملک قاسم اور دیگر رہنماؤں کی ملاقاتیں

لاہور — پاکستان جمہوری اتحاد مسلم لیگ خیرالدین گروپ کے سیکریٹری جنرل ملک محمد قاسم نے آج یہاں نوابزادہ نصراللہ خان سے ملاقات کی۔ ... خواجہ خیرالدین ... [illegible]

پاکستان نے امریکہ سے فضائی دفاع کا نظام فراہم کرنے کی درخواست کردی

واشنگٹن — (پی پی آئی) پاکستان نے امریکہ سے فضائی دفاع کا نظام فراہم کرنے کو کہا ہے۔ یہ نظام فضائی حملے سے خبردار کر دیتا ہے۔ نیویارک ٹائمز نے آج یہ خبر دیتے ہوئے بتایا کہ پاکستان نے فضائی دفاعی نظام مانگا ہے ... [illegible] ... پاکستان کی طرف سے ... آئی نظام کی درخواست کی گئی ہے لیکن ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے۔

مصطفیٰ جتوئی سے رابطہ قائم ہے: کوثر نیازی

راولپنڈی — ... [illegible]

بھارت نے پاکستان کو ۷۵ رنز سے ہرا دیا
پاکستان کی مایوس کن بولنگ، بھارتی کھلاڑیوں کا تیز رفتار کھیل

راولپنڈی (نامہ نگار) — پاکستان کے دورے پر آئی ہوئی بھارتی کرکٹ ٹیم نے یہاں کھیلے گئے ایک روزہ ... میچ میں پاکستان کو ۷۵ رنز سے ہرا دیا۔

پاکستان ٹیم کے کپتان ظہیر عباس نے ٹاس جیت کر پہلے بھارت کو کھیلنے کی دعوت دی۔ بھارت کی ٹیم نے ۳۹ اوورز میں دو وکٹوں پر ۲۹۰ رنز بنائے جس کے جواب میں پاکستان کی ٹیم ... اوورز میں ۸ وکٹوں پر ۲۰۳ رنز بنا سکی۔ پاکستان کی بولنگ انتہائی مایوس کن ہونے کی وجہ سے بھارت کے کھلاڑیوں نے انتہائی تیز رفتاری سے رنز بنائے۔ دلیپ وینگسرکار نے ۸۸ رنز بنائے اور وہ آؤٹ نہیں ہوئے۔ انہوں نے سندیپ پاٹل کے ساتھ ... وکٹ پر ۱۳۳ رنز بنائے۔ سندیپ پاٹل نے ۴۷ رنز بنائے اور وہ آؤٹ نہیں ہوئے۔ گائیکواڈ نے ۹۳ رنز بنائے۔ پاکستان کے کھلاڑیوں میں آصف آفریدی نے ۳۵ رنز، جلال الدین نے ۲۸ رنز، اقبال سکندر نے ۳۹ رنز اور ظہیر عباس نے ۳۴ رنز ... منظور نے ۴۴ رنز اور رشید نے ۶۰ رنز دے کر ایک ایک وکٹ لی۔ گزشتہ ... میچ پاکستان نے ۳۴ رنز سے جیتا تھا۔

سکور بورڈ
بھارت:

گواسکر	کیچ ظہیر عباس ب منظور	۳۹
گائیکواڈ	کیچ منظور ب رشید	۹۳
وینگسرکار	ناٹ آؤٹ	۸۸
سندیپ پاٹل	ناٹ آؤٹ	۴۷
ایکسٹرا		۱۱
میزان (۳۹ اوورز میں ۲ وکٹوں کے نقصان پر)		۲۹۰

بولنگ کا تجزیہ

نام	اوور	میڈن	رنز	وکٹ
آصف آفریدی	۵	صفر	۳۵	صفر
جلال الدین	۸	صفر	۳۸	صفر
منظور	۸	صفر	۴۴	۱
اقبال سکندر	۷	صفر	۳۹	صفر
ظہیر عباس	۳	صفر	۳۷	صفر
رشید	۷	صفر	۶۰	۱

حنیف محمد کو خراجِ عقیدت

کراچی — بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان سنیل گواسکر نے ٹیسٹ ماسٹر حنیف محمد خان کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کے اس عظیم کھلاڑی کے بینیفٹ میچ کا اہتمام بہت پہلے کیا جانا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا ہم یہ میچ کھیلنے پر بے حد خوشی محسوس کرتے ہیں ... ہم نے ان سے بہت کچھ سیکھا ہے۔

* اُردو کا استعمال زیادہ کرنے لگے
* علم نجوم نہیں پڑھا، جنگ سپیشل کو انٹرویو

اسلام آباد — سابق وزیر خارجہ جناب آغا شاہی ... [illegible]

[illegible]

جدہ - راولپنڈی - لاہور - لندن - بمبئی - دہلی - ڈھاکہ

ٹکٹ اور دوسری معلومات کے لئے
ہماری خدمات حاضر ہیں
M & J TRAVEL
1240 BAY STREET
TORONTO ONTARIO M5R 2A7
TEL. 960-8348 / 960-8475

Ontario

THE COMMISSION ON PRIVATE SCHOOLS IN ONTARIO REQUESTS SUBMISSIONS

کمشنر ڈاکٹر برنارڈ شیپرڈ کو اس تحقیق کی ذمہ داری دی گئی ہے کہ انٹاریو میں بچوں کی تعلیم کے سلسلے میں خانگی مدرسوں کا کیا حصہ ہونا چاہیے؟

- انٹاریو میں ابتدائی سکول سے سکنڈری سکول تک بچوں کو تعلیم دینے میں خانگی مدرسوں نے جو حصہ ادا کیا ہے اس کی وضاحت کریں اور اس پر تبصرہ کریں۔
- خانگی مدارس کو چلانے کے لیے متبادل صورتوں کی نشاندہی کریں اور مناسب رد و بدل کے لیے تجاویز پیش کریں۔
- یہ جائزہ لیں کہ خانگی مدرسوں میں شرکت کرنے والوں کی حالی امداد اور ان کی قانونی ذمہ داری کس حد تک قابلِ قبول ہے اور ان کی خود مختاری کس حد تک اطمینان بخش ہے۔
- خانگی مدرسوں اور سرکاری مدرسوں کو چلانے والے بورڈ کے آپس کے تعلقات کا جائزہ لے کر ان میں اصلاح کے امکانات پر روشنی ڈالیں۔

سماعت عامہ کا فی الوقت کوئی امکان نہیں ہے۔ پھر بھی جو افراد یا ادارے اس سلسلے میں کوئی دلچسپی رکھتے ہیں یا وہ اس ضمن میں کوئی تبصرہ کرنا چاہیں تو وہ اپنی درخواستیں ٹائپ کر کے ۱۵ نومبر ۱۹۸۴ء سے پہلے پہلے کمشنر کے پاس مندرجہ ذیل پتہ پر روانہ کر دیں:

درخواستیں دینے کا ارادہ رکھنے والوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ پہلے اسی پتہ پر کمشنر کو مطلع کریں — یہ اطلاع ۱۵ اکتوبر ۱۹۸۴ء ...

Neal T. Emery
Executive Secretary
The Commission on
Private Schools in Ontario
Suite 4-299
252 Bloor Street West
Toronto, Ontario
M5S 1V5

یہ پتہ کمشنر کو بھیجی جانی چاہیے۔ اس اطلاع کے لیے فون بھی کیا جا سکتا ہے۔ نمبر ہے: (416) 965-7644 — تمام درخواستیں سرِ عام تقسیم کی جائیں گی۔

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف 10 ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں میں دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لیے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے:

ADVERTISEMENT NO.....
C/O AL-HILAL
338 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT.
M2H 2P6

★★★

اشتہار نمبر (۵): ہندوستان کے معروف گھرانے سے تعلق رکھنے والے ۳۲ سالہ تعلیم یافتہ شریف الطبع، معقول ملازمت پر فائز امیگرنٹ لڑکے کے لیے کینیڈا میں موجود مسلمان گھرانے کی سنجیدہ اور سمجھدار لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔

★

اشتہار نمبر (۶): پنجاب کے نامور گھرانے سے تعلق رکھنے والے ۳۷ سالہ انجینئر مقیم ٹورانٹو کے لیے تعلیم یافتہ، خوش شکل اور نیک اطوار لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔

★

اشتہار نمبر (۷): انگلینڈ میں اپنے والدین کے ساتھ سکونت پذیر، قبول صورت، سلیقہ شعار، امور خانہ داری میں ماہر اور پڑھی لکھی ۲۱ سالہ پنجابی لڑکی کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔

★

اشتہار نمبر (۸): یو۔ پی کی سنی سید گھرانے کی تعلیم یافتہ، قبول صورت لڑکی جس نے اسی ملک میں ڈگری حاصل کی ہے کے لیے اردو بولنے والے صوبہ سے متعلق ہندوستان یا پاکستان کے تعلیم یافتہ، شریف، سنت الجماعت، برسرِ روزگار شخص، عمر ۲۸ تا ۳۵ سال کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکی گرین کارڈ رکھتی ہے۔

★★★

ایک ۲۸ سالہ گریجویٹ کمپیوٹر پروگرامر کے لیے کینیڈا میں موجود مسلمان خاندان کی لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے ذیل کے نمبر پر فون کریں:

(416) 445-1272
دیوان علی اکبر

★★★

بائیس سالہ خوبصورت، دراز قد، خوش مذاق کینیڈین امیگرنٹ لڑکی کے لیے اعلیٰ صفات کے حامل تعلیم یافتہ اور برسرِ روزگار نوجوان کا رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند حضرات مندرجہ ذیل پتہ پر خط لکھیں یا فون کریں:

A. A. BHATTI
852 RITTENHOUSE RD.
KITCHENER, ONT.
N2E 2V3
(519) 578-4819

ہنگاموں میں املاک کو پہنچنے والے نقصان کا معاوضہ ادا کیا جائے گا گورنر سندھ

حکومت بھائیوں کو لڑانے والوں کو معاف نہیں کرے گی

صورت حال معمول پر آتے ہی متاثرہ علاقوں سے کرفیو اٹھا لیا جائے گا

یحییٰ بختیار کی واپسی

• حلال گوشت • حلال مرغیاں

اور تازہ ترین سبزیاں ہر روز حاصل کر سکتے ہیں

الفلاح

ALFALAH GROCER
2783 Dundas St. West
Toronto, Tel. 762-1633

پریس کانفرنس کی جھلکیاں

٣٤ ایف ١٦ طیارے حاصل کرنے کا مطلب

نہیں ہے کہ ضیا کسی بڑے ملک پر قبضہ کر لے گا

بیچارے سیاستدانوں کی صحت ابھی کیسے ٹھیک ہے

وڈیروں نے "بٹیرے" پال رکھے ہیں

...... رپورٹ: نذیر خان ......

کینیڈا سیونگز بانڈز

۲۴ اکتوبر سے فروخت کیے جا رہے ہیں۔

اپنی بچت کی سرمایہ کاری کا ایک بہترین طریقہ کینیڈا سیونگز بانڈز ہیں۔ اور کئی معقول وجوہات کی بنا پر کینیڈا سیونگز بانڈز کی حکومت کینیڈا کی طرف سے مکمل گارنٹی ہے۔ ان کی شرح سود بہت اچھی ہے اور جب بھی ضرورت ہو انہیں کیش کرایا جا سکتا ہے۔

اسی وجہ سے بہت سے لوگ کینیڈا سیونگز بانڈز پر انحصار کرتے ہیں۔

اس سال کی سرمایہ کاری کے بارے میں چند اہم باتیں ذیل میں درج کی جاتی ہیں:

- آپ کو سالانہ ١١½ فی صد سود ملے گا۔ اور اس کی بھی گارنٹی ہے کہ بانڈز کی مدت ختم ہونے کے آئندہ چھ برسوں تک ۷ فی صد سے کم سود نہیں ملے گا۔
- آپ سو ڈالر سے لے کر ۷۵ ہزار ڈالر تک کی رقم کے بانڈز خرید سکتے ہیں۔
- آپ ہر سال سود لے سکتے ہیں یا تمام سود اکٹھا ہونے کے بعد لے سکتے ہیں۔
- آپ اپنے بانڈز کسی بھی وقت کیش کرا سکتے ہیں۔ پہلے دو ماہ گزرنے کے بعد کوئی ہرجانہ نہیں لگے گا۔

ذیل میں آپ کے پرانے خریدے ہوئے کینیڈا سیونگز بانڈز کے متعلق کچھ اہم امور درج ہیں:

- ان تمام بانڈز پر جن کی مدت ابھی ختم نہیں ہوئی ہے آنے والے سال میں ١١½ فی صد سود ملے گا۔
- آپ اپنے بانڈز کی جانچ کر لیں کہ ان میں سلسلہ نمبر ۲۷ کے بانڈز (جو ۱۹۷۲ء میں جاری کیے گئے) اور سلسلہ نمبر ۳۰ کے بانڈز (جو ۱۹۷۵ء میں جاری کیے گئے) ہیں یا نہیں؟
- یہ بانڈز یکم نومبر ۱۹۸۲ء کو اپنی مدت پوری کر کے کیش بونس دیں گے۔

کینیڈا سیونگز بانڈز کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے اپنے بینک یا اپنے سرمایہ کار سے رجوع فرمائیے۔

یاد رکھیے کہ ان بانڈز کی فروخت کسی بھی وقت ختم ہو سکتی ہے۔ چنانچہ اپنے بانڈز جلد ہی خرید لیجیے۔

١١½%
پہلے سال

Canada

NEW
CANADA SAVINGS BONDS

LES OBLIGATIONS D'ÉPARGNE
DU CANADA

فرقہ وارانہ فسادات

سیاسی لیڈروں کا اظہار تشویش

fortnightly **al-Hilal** Vol.13 No.15 October 25, 1984 50 ¢
Ph: (416) 474-9292, 493-4374
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

پاکستان کی مغربی سرحدوں پر مزید حملوں کا امکان

خفیہ ذرائع سے افغانستان آنے والے مغربی صحافیوں کو ہلاک کر دیا جائے گا

جھنگ کے نزدیک گیس کی دریافت

کراچی میں ہڑتال، پولیس نے اشک آور گیس استعمال کی

کراچی میں ایک درجن علماء کو گرفتار کر لیا گیا

بھارت میں مسلم کش فسادات میں ہلاک شدگان کی تعداد ۳۰ ہو گئی

صدر جنرل ضیاء الحق
عید میلاد النبی اور محرم
کے جلوسوں پر پابندی کے خلاف ہیں

امیدواروں کو رنگین تصویروں
اور سبز رنگ کی جیبوں کی ضرورت ہے

کراچی کے کالجوں میں ہزاروں طلبہ و طالبات داخلوں سے محروم ہیں

کالجوں میں داخلوں کے لئے طلبہ کے والدین کو سفارشوں کا سہارا لینا پڑا

میں نے بیرون ملک جانے کی کوئی اجازت نہیں مانگی
مجھے نہیں معلوم کہ ہسپتال سے گھر کیوں منتقل کیا گیا ہوں۔ ممتاز بھٹو

اقتدار اعلیٰ میں فوج کا مستقل کردار

اسلام میں انکم ٹیکس کا کوئی وجود نہیں
بادشاہی مسجد کے خطیب مولانا عبدالقادر آزاد کا فتویٰ

وفاق ہائے ہاکی فیڈریشن کے صدر

پلٹ کورنل کونشان پاکستان

مولانا نورانی اور پیر پگاڑا کی ملاقات

پاکستان میں ایک اور ایٹمی بجلی گھر قائم کرنے کا فیصلہ

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ اردو (کینیڈا)
الہلال

سالانہ زرِخریداری (برائے الہلال) ۱۷ ڈالر
سالانہ زرِخریداری (برائے کریسنٹ) ۲۰ ڈالر
سالانہ زرِخریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۳۵ ڈالر

Name ....
Address ....
....
....
Postal Code .... Telephone ....

زرِخریداری کا چیک کریسنٹ کے نام لکھئے اور پتہ ذیل پر بھیجئے
338 Hollyberry Trail, Wilowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9292, 493-4374

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی)
بطور تحفہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے →

Managing Editor: M. Lateef Owaisi